NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن

NSW GOVERNMENT

School counselling service

Information for parents and carers

سکول کاؤنسلنگ سروس

والدین اور سنبھالنے والوں کے لیے معلومات

NSW کے تمام پبلک سکولوں میں طالبعلموں کے لیے سکول کاؤنسلنگ سروس کے ذریعے نفسیاتی مدد حاصل کرنا ممکن ہے۔

سکول کاؤنسلنگ سروس میں سکول کاؤنسلرز اور ماہرین نفسیات شامل ہوتے ہیں جو پری سکول سے لے کر بارہویں جماعت تک کے طالبعلموں کو کاؤنسلنگ، نفسیاتی جانچ اور امدادی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ یہ ماہرین سیکھنے، ذہنی صحت اور بہبود کے ضمن میں طالبعلموں کی ضروریات پوری کرنے اور تعلیم کے محفوظ، صحتمندانہ اور معاون ماحول پیدا کرنے کے لیے گھرانوں، سکول کے عملے اور دوسرے پیشہ ور کارکنوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

سکول کاؤنسلنگ کا تمام عملہ نفسیات میں پوسٹ گریجوایٹ کوالیفیکیشن رکھتا ہے اور ذہنی صحت، سیکھنے اور روّیے کے معاملے میں اپنے علم کو بروئے کار لاتے ہوئے بچوں اور نوجوان افراد کو تعلیم، سماجی تعلق، روّیے اور جذبات کے حوالے سے کامیاب ہونے میں مدد دیتا ہے۔

سکول کاؤنسلر یا سکول سائیکالوجسٹ:

- طالبعلموں کو کاؤنسلنگ فراہم کر سکتے ہیں
- سیکھنے اور ذہنی صحت کے ضمن میں طالبعلموں کی ضروریات جانچ سکتے ہیں
- اساتذہ اور سپیشلسٹ سٹاف کے ساتھ مل کر کام کر سکتے ہیں
- گھرانوں کو اپنے بچوں کی تعلیم اور ذہنی صحت کی ضروریات کو سمجھنے اور انہیں پورا کرنے میں مدد دے سکتے ہیں
- بیرونی اداروں اور ذہنی صحت کے ماہرین کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے ہر طالبعلم کو مربوط اور مکمل مدد فراہم کر سکتے ہیں۔

طالبعلموں، والدین یا سنبھالنے والوں، اور اساتذہ کے ساتھ کام کرتے ہوئے سکول کاؤنسلنگ سٹاف بتائے گا کہ وہ کیسے کام کرتا ہے، ان کی بات دھیان سے سنے گا، مختلف راستوں کی وضاحت کرے گا اور آگہی کی بنیاد پر فیصلے کرنے کی ترغیب دے گا۔

رازداری

سکول کاؤنسلنگ سٹاف طالبعلموں کو ان کی مرضی پر منحصر اور رازدارانہ نفسیاتی مدد فراہم کرتا ہے۔ رازدارانہ معلومات طالبعلم، اس کے والد/والدہ یا سنبھالنے والے کی اجازت کے بغیر دوسروں کو نہیں دی جائیں گی بشرطیکہ قانون کے تحت یا حفاظت یا بہبود کو درپیش کسی بڑے خطرے کی روک تھام کے لیے معلومات دینا لازمی نہ ہو۔

ریفرل (کاؤنسلنگ لینے کے لیے رابطہ)

سکول کاؤنسلنگ کی ضرورت کا فیصلہ سکول کی تدریسی اور بہبود کا خیال رکھنے والی ٹیموں کے مشورے سے کیا جاتا ہے۔ جن والدین یا سنبھالنے والوں کو اپنے بچے کی تعلیم، ذہنی صحت اور/یا بہبود کے حوالے سے فکر ہو، وہ سکول سے رابطہ کر کے اپائنٹمنٹ مانگ سکتے ہیں۔ طالبعلم خود بھی رابطہ کر سکتے ہیں یا اپائنٹمنٹ لینے کے لیے اپنے والدین یا اساتذہ سے مدد مانگ سکتے ہیں۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی سکول کو کال کریں۔ اگر آپ کو اپنا سوال پوچھنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔

آپریٹر کو وہ فون نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔